سوال

(691) مولانا صاحب تقریبا ۲ ماہ سے میں ان بیماریوں میں مبتلا ہوں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مولانا صاحب تقریبا ۲ ماہ سے میں ان بیماریوں میں مبتلا ہوں ڈپریشن ، ذہنی ٹینشن ، دل کی بیماریوں کی وجہ سے گھبراہٹ ہی گھبراہٹ رہتی ہے ۔ بیماریوں کی وجہ سے نہ سکون ملتا ہے نہ چین اور نہ نیند آتی ہے ۔ آپ اللہ سے میرے لیے دعا کریں کہ اللہ ہم سب کو ان بیماریوں سے شفا عطا فرمائے ۔ بیماریاں یہ ہیں : تیزا بیت ، پیٹ اور سینے میں جلن ، قبض ، گیس اور دل کا ہر وقت گھٹنا اور زیادہ تیز دھڑکنا ، معدے پر سوج بھی رہتی ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ آپ کی اور ہماری ہمہ قسم کی پریشانیاں اور بیماریاں دور فرمائے ۔ آمین یارب العالمین ۔ جو آپ نے اپنی کیفیت لکھی ہے اس کے لیے تو ذکر و دعاء کا اہتمام فرمائیں وہ ذکر و دعاء مندرجہ ذیل ہیں :

1 ... ہر نماز کے بعد قرآن مجید کی آخری تینوں سورتیں قل ھو اللہ احد ... الخ ، قل اعوذ برب الفلق ... الخ اور قل اعوذ برب الناس ... الخ ۔ کم از ایک دفعہ ضرور پڑھیں ۔ 3 اور رات سوتے وقت باوضوء ہو کر دائیں کروٹ لیٹ کر دعاء : ((اَللّٰھُمَّ اَسلَمتُ وَجْھِیَ اِلَیکَ وَفَوَّضتُ اَمرِیْ اِلَیکَ)) [وَاَلجَاتُ ظَھرِیْ اِلَیکَ رَغبَةً وَّرَھبَةً اِلَیکَ لَا مَلجَاَ وَلَا مَنْجٰی مِنکَ اِلَّآ اِلَیکَ اَللّٰھُمَّ اٰمَنتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنزَلتَ وَنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرسَلتَ] 4['' اے اللہ 1 تیرے ثواب کے شوق میں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے میں نے اپنے آپ کو تیرے سپرد کر دیا اور تجھے اپنا پشت پناہ بنا لیا تجھ سے بھاگ کر کہیں پناہ نہیں مگر تیرے ہی پاس اے اللہ 1 میں اس کتاب پر ایمان لایا جو تو نے اُتاری اور تیرے اس نبی پر یقین کیا جسے تو نے بھیجا ۔ ''] پڑھیں ۔

2 بخاری کتاب التہجد باب صلاة النوافل جماعة ۔ 3 ابوداؤد ابواب الوتر باب فی الاستغفار ۔

4 صحیح بخاری کتاب الوضوء باب فضل من بات علی الوضوء ۔

نیز اس سے قبل قل ھو اللہ احد ... الخ تین مرتبہ ، قل اعوذ برب الفلق ... الخ تین مرتبہ اور قل اعوذ برب الناس ... الخ تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونک لگا کر دونوں ہاتھ پورے بدن پر ملنے ہیں ، دوسری دفعہ پھر اسی طرح کرنا ہے تیسری دفعہ پھر اسی طرح کرنا ہے ۔ ان تین دفعات میں مذکورہ تینوں سورتوں میں سے ہر ایک سورت نو دفعہ پڑھی جائے گی ۔

2...دعائی: ((اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِوَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ))1[''اے اللہ!میں غم اور پریشانی سے تیری پناہ چاہتا ہوں عاجزی اور سستی اور بزدلی اور بخل اور قرضے کی زیادتی اور آدمیوں کے غلبہ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔'']وقتاً فوقتاً پڑھتے رہیں نماز کے پہلے اور دوسرے التحیات میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔اور نماز کے سجدوں میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

3...وقتاً فوقتاًاپنے دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں: ((بِسْمِ اللّٰہِ))تین مرتبہ اور ((اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ))2[''میں اللہ کے غلبے وقدرت کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں اس تکلیف سے جسے میں پاتا ہوں اور اس سے بچنا چاہتا ہوں۔'']سات مرتبہ۔ان شاء اللہ العزیز آپ کی پریشانی وبیماری رفع ہوجائے گی باذن اللہ تبارک وتعالیٰ۔

اور دوسرے مندرجہ ذیل دواء استعمال فرمائیں بہت فائدہ ہوگا۔ان شاء اللہ تعالیٰ۔

سالٹ۲۲۵گرام،نوشادر ٹھیکری ۲۵گرام،کلمی شورہ۲۵گرام،فولادپتری ۲۵گرام،ہیرا کسیس ۵گرام۔

فولادپتری کے علاوہ چاروں چیزیں دوری میں باریک کرلیں فولادپتری بھی باریک کرسکتے ہیں اس کے بعد ان پانچوں چیزوں کو ایک بڑی روح افزاوالی بوتل میں ڈال لیں اور بوتل کو گلاب کے عرق سے بھر کر خوب ہلائیںدوائی تیار ہوجائے گی۔یہ دوائی خالی پیٹ نہ کھائیں۔شام کا کھانا کھاتے ہی ایک دوچمچ پی لیں،زیادہ مقدار میں مت پئیں۔جب کھانے کے دو تین لقمے رہ جائیں تو دوائی پی لیں اور باقی ماندہ دوتین لقمے بعد میں کھائیں تاکہ منہ کا ذائقہ صحیح ہوجائے۔دوائی پینے سے پہلے بوتل خوب ہلالیں۔کچھ دن دوائی استعمال فرمائیں اگر کمزوری محسوس ہو تو دوائی کا کچھ دن ناغہ کرلیں۔دوائی کی ایک خوراک اپنی طبیعت کے پیش نظر کم یا زیادہ بھی کرسکتے ہیں۔ان شاء اللہ العزیز یہ دوائی استعمال کرنے سے قبض اور گیس وغیرہ کی بیماریاں جاتی رہیں گی نیز جگر ومعدہ کی اصلاح ہوجائے

1صحیح بخاری کتاب الدعوات باب الاستعاذۃ من الجبن والکسل۔

2رواہ مسلم۔مشکوۃ کتاب الجنائز باب عیادۃ المریض الفصل الاوّل۔

گی،پھر دل کی دھڑکن وغیرہ بھی ختم ہوجائے گی،باذن اللہ تعالیٰ وتوفیقہ۔ ۲۹ ۵ ۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص694

محدث فتویٰ